انکم ودہولڈنگ آرڈر/سپورٹ کے متعلق نوٹس پر اضافی رقم عائد کرنے کی کاروائی پر نظرثانی کرنے کی درخواست

اس فارم کو مکمل کرنے سے پہلے - اس نظرثانی کے متعلق معلومات اور مزید ہدایات کے لیے براہ کرم اس فارم کی دوسری طرف کا مطالعہ کر لیں۔
صرف سیاہ روشنائی استعمال کریں۔

میں انکم ودہولڈنگ آرڈر/سپورٹ کے لئے نوٹس (IWO) میں درج شدہ اضافی رقم کی ادائیگی کا متحمل نہیں ہو سکتا/سکتی۔ میں تحویل اور مالی ضرورت اور/یا سیلف سپورٹ ریزرو سے کم سالانہ آمدنی کی بنیاد پر اور ذیل نشان زد کردہ منسلکہ دستاویزات کی بنیاد پر نظرثانی کی درخواست دائر کرنا چاہتا/چاہتی ہوں۔

☐ **تحویل اور مالی ضرورت**

وہ کم عمر بچے جو اس سپورٹ آرڈر کے تحت آتے ہیں وہ میری جسمانی تحویل میں ہیں، ان بچوں کے لئے موجودہ سپورٹ ذمہ داری کا اب مزید وجود باقی نہیں رہا، اور آمدنی کی ودہولڈنگ کا اثر اپنے کم عمر بچوں کی پرورش کرنے کی میری استعداد پر پڑے گا، جس کے تائید اس سے ہوتی ہے:

جسمانی تحویل کا ثبوت

☐ اس عدالتی حکم کی کاپی جو دکھا رہا ہے کہ کم عمر بچے میرے ساتھ رہتے ہیں؛ یا

☐ اسکول اور دیگر حکومتی ریکارڈز جو بچوں کی رہائشگاہ کی نشاندہی کر رہے ہیں؛ یا

☐ دیگر (وضاحت کریں)____

اور منسوخ کردہ موجودہ سپورٹ کا ثبوت:

☐ اس عدالتی حکم کی کاپی جو دکھا رہا ہے کہ موجودہ سپورٹ آرڈر منسوخ ہو چکا ہے؛

اور آمدنی کا ثبوت:

☐ میرے حال ہی میں دائر کردہ ریاستی اور وفاقی انکم ٹیکس گوشوارے اور W-2 بیان کی کاپی؛ **اور**

☐ میری موجودہ تنخواہ کے چیک کی رسید کی کاپی، یا میرے آجر کی جانب سے دستخط شدہ خط جس میں میری موجودہ آمدنی بیان کی گئی ہے؛

یا

☐ میرے وصول کردہ فوائد کا ثبوت (یعنی سوشل سیکورٹی، بے روزگاری بیمہ کے فوائد)؛ اور/یا

☐ دیگر (وضاحت کریں)____

اور

☐ آمدنی اور اخراجات کے بیان کا فارم۔

☐ **سیلف سپورٹ ریزرو (SSR) سے کم سالانہ آمدنی**

وہ اضافی رقم جس کی کٹوتی کرنے کی وجہ سے میری قابل خرچ آمدنی (قانون کے تحت آمدنی منفی کٹوتیاں) 2022 کے لئے 18,347$ کی سیلف سپورٹ ریزرو رقم سے کم ہو جائے گی، جس کی تائید اس سے ہوتی ہے:

☐ میرے حال ہی میں دائر کردہ ریاستی اور وفاقی انکم ٹیکس گوشوارے اور W-2 بیان کی کاپی؛ **اور**

☐ میری موجودہ تنخواہ کے چیک کی رسید کی کاپی، یا میرے آجر کی جانب سے دستخط شدہ خط جس میں میری موجودہ آمدنی بیان کی گئی ہے؛

یا

☐ میرے وصول کردہ فوائد کا ثبوت (یعنی سوشل سیکورٹی، بے روزگاری بیمہ کے فوائد)؛ اور

☐ دیگر (وضاحت کریں)____

مکمل کیا گیا اور جمع کروایا گیا از:

نام (براہ کرم پرنٹ کریں) ______________________________ تاریخ ______________________________

پتہ ____ سوشل سیکیورٹی نمبر ____________________________

____________________________________ دن کے اوقات کا فون نمبر ____________________________

آپ کے ہر اکاؤنٹ کے لئے نیویارک کیس شناخت کنندہ اور کاؤنٹی جو IWO پر لسٹ شدہ ہے:

ID ________________ کاؤنٹی ________________ ID ________________ کاؤنٹی ________________

ID ________________ کاؤنٹی ________________ ID ________________ کاؤنٹی ________________

ID ________________ کاؤنٹی ________________ ID ________________ کاؤنٹی ________________

صرف حوالے کے لیے

انکم ودہولڈنگ آرڈر/سپورٹ کے متعلق نوٹس پر اضافی رقم عائد کرنے کی کاروائی پر نظرثانی کا طریقہ کار اور ہدایات

اگر آپ پر بقایاجات واجب الادا ہیں، تو ان بقایاجات کو ختم کرنے کے لئے اضافی رقم کا روکنا لازمی ہے۔ یہ اضافی رقم اس رقم میں شامل ہے جو انکم ودہولڈنگ آرڈر/سپورٹ کے متعلق نوٹس (IWO)، صفحہ 1، تحت III پر سابقہ واجب الادا سپورٹ کے متعلق رپورٹ کی گئی تھی۔ آرڈر کی معلومات۔

آپ مندرجہ ذیل وجوہات کی بناء پر روکے جانے والی اضافی رقم پر نظرثانی کی درخواست کر سکتے ہیں:

- آپ کے پاس ان کم عمر بچوں کی سمانی تحویل ہے جو اس سپورٹ آرڈر کے تحت آتے ہیں، موجودہ سپورٹ ذمہ داری کا اب مزید وجود باقی نہیں رہا، اور آمدنی کی ودہولڈنگ کا اثر اپنے کم عمر بچوں کی پرورش کرنے کی آپ کی استعداد پر پڑے گا؛ یا

- اضافی رقم کی لازمی کٹوتی کی وجہ سے آپ کی قابل خرچ آمدنی (قانون کے تحت آمدنی منفی کٹوتیاں) 2022 کے لئے 18,347$ کی سیلف سپورٹ ریزرو رقم سے کم ہو جائے گی۔

نظرثانی کی درخواست کرنے کے لئے اس صفحے کی پشت پر موجود فارم استعمال کریں۔ اپنی درخواست مکمل کرنے کے لیے ان تین مراحل پر عمل کریں:

1. مندرجہ ذیل امور کے لئے فارم میں موزوں خانوں پر (√) کا **نشان** لگائیں:
   - اپنی درخواست کی وجہ (وجوہات) کی نشاندہی کریں۔
   - اپنی درخواست کی حمایت میں آپ جو دستاویز جمع کروا رہے ہیں کی نشاندہی کریں۔

2. فارم کے نچلے حصے میں مندرجہ ذیل معلومات **فراہم کریں**:
   - آپ کی ذاتی/رابطے کی معلومات؛
   - آپ کا سوشل سیکیورٹی نمبر؛ اور
   - آپ کے تمام نیویارک شناخت کنندگان (اکاؤنٹ نمبرز) اور آپ نے جو IWO(s) وصول کیں ان پر لسٹ شدہ کاؤنٹیاں۔

3. یہ مکمل کردہ فارم اور تائیدی دستاویزات اعانت اطفال کے ہر اس مقامی آفس کے پتے پر **ارسال کریں** جن سے آپ نظرثانی کی درخواست کر رہے ہیں۔
   - آپ پر لازم ہے کہ اپنی درخواست کی تائید میں جن دستاویزات کی نشاندہی آپ نے کی وہ فراہم کریں۔ اگر آپ کوئی ایسی متعلقہ دستاویزات فراہم کرنا چاہتے ہیں جو فارم میں درج نہیں ہیں، تو جہاں ضرورت ہو وہاں "دیگر" لیبل والے خانے پر نشان لگائیں اور ان دستاویزات کی وضاحت کریں جو آپ جمع کروا رہے ہیں۔
   - اگر آپ ریاستی اور/یا وفاقی ٹیکس گوشوارے فائل نہیں کرتے ہیں، تو لازمی ہے کہ آپ متعلقہ "دیگر" لائن میں وجہ بیان کریں کہ آپ کے لئے ٹیکس گوشوارے فائل کرنا کیوں ضروری نہیں ہے۔
   - اگر "تحویل اور مالی ضرورت" آپ کی درخواست کی وجہ ہے، تو آپ پر لازم ہے کہ **آمدن اور اخراجات کا بیان** کا فارم بھی ارسال کریں۔
   - یہ مکمل کردہ فارم اور تائیدی دستاویزات **اعانت اطفال کے ہر اس مقامی آفس** کو ارسال کرنا لازمی ہے جن سے آپ اضافی رقم روکنے والی کاروائی پر نظرثانی کرنے کی درخواست کر رہے ہیں۔

اعانت اطفال کا مقامی آفس آپ کے مکمل کردہ درخواست فارم دستاویزات کا جائزہ لے گا اور اس کے بعد آپ کو ایک تحریری فیصلہ فراہم کرے گا جس میں درج ہوگا کہ وہ آپ سے متفق ہیں یا نہیں۔

- اگر وہ آپ سے متفق ہوئے، چاہے مکمل یا جزوی طور پر، تو وہ آپ کے اکاؤنٹ میں ترمیم کرکے ایک ترمیم شدہ IWO آپ کے آجر کو بھیجیں گے اور اس IWO کی ایک نقل آپ کو بھی بھیجیں گے۔

- اگر وہ آپ سے متفق نہ ہوئے، تو روکے جانے والی اضافی رقم میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ اس فیصلے کی بنیاد صرف اور صرف متعلقہ عدالتی احکامات اور تفتیشی نتائج، سپورٹ کلیکشن یونٹ کے ریکارڈز اور ان تائیدی دستاویزات پر ہوگی جو آپ نے جمع کروائی ہیں۔

- وہ تحریری فیصلہ حتمی ہوگا۔